نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:**25 مئی 2023**(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار دھان کی زیادہ پیداوار کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت امسال صوبہ پنجاب کا شتکاروں کو منتخب تصدیق شدہ اقسام کے بیج پر سبسڈی فراہم کی جارہی ہے ۔یہ سبسڈی **باسمتی اقسام** میں سپر باسمتی، باسمتی515، پی کے 1121 (ایرومیٹک)، پنجاب باسمتی، چناب باسمتی، نور باسمتی، نیاب باسمتی2016،شاہین باسمتی، کسان باسمتی، پی کے 2021 (ایرومیٹک)، نجی باسمتی2020، سپر گولڈ، سپر باسمتی2019، ہائبرڈ باسمتی کے ایس کے 111 ایچ، الخالد رائس، این بی آر-2، نیاب سپر، پی کے-386 جبکہ **موٹی اقسام** اری-6، کے ایس282، کے ایس کے133 ، نیاب اری9، نیاب2013، کے ایس کے 434، نجی جی ایس آر 6 اور نجی 5 پر دی جارہی ہے۔ **دھان کی منظور دہ اقسام میں باسمتی اقسام پر 1500روپے فی بیگ(20 کلوگرام) اور غیر باسمتی اقسام پر 1000روپے فی بیگ(20 کلوگرام) سبسڈی دی جارہی ہے** ۔یہ سبسڈی تھیلوں میں موجود واؤچر کے ذریعے صرف رجسٹرڈ کسانوں کو فراہم کی جائے گی۔غیر رجسٹرڈ کاشتکار رجسٹریشن کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی دفاتر سے رابطہ کریں۔ دھان کے کاشتکار سبسڈی حاصل کرنے کے لیے واؤچر والا تھیلا اپنے قریبی ڈیلر سے طلب کریں۔دھان کے کاشتکار منظور شدہ ہائبرڈ اقسام کے بیج کا انتظام کریں اور غیر منظور شدہ وممنوعہ اقسام ہرگز کاشت نہ کریں کیونکہ اس سے چاول کا معیار ناقص ہونے کی وجہ سے عالمی منڈی میں چاول کی قیمت کم وصول ہوتی ہے

☆☆☆☆